مدیرانِ جرائد ◎ ارکانِ دولت

افسرانِ حکومت

اور

ممبرانِ پارلیمنٹ کے نام

ابوریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی

سوچنے کی بات

سپاہ صحابہ پاکستان

ملک کی وہ دینی تنظیم ہے۔ جس نے چند سال کی مدت میں اہلسنت کے تمام مکاتب فکر میں وحدت ویگانگت، اتحاد واتفاق کا اتصال قائم کرنے میں مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ بریلوی، دیوبندی اہلحدیث کے مابین پیدا ہونے والے فروعی اختلافات کو بڑی حد تک اس جماعت نے ختم کر کے اہلسنت کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ مجلس تحفظ ختم نبوت کے بعد یہی وہ سٹیج ہے جس نے بڑی تیزی کیساتھ علماء ومشائخ کو متحد کر کے کسی حد تک مسلمانوں کی باہمی آویزش کو ختم کر کے تاریخی کارنامہ سرانجام دیا۔ اسلامی فرقوں کے اختلافات کو ختم کر کے صرف کفر کے خلاف جہاد کرنیوالی جماعت کو فرقہ واریت کا طعنہ دینا مضحکہ خیز ہے۔

علاوہ ازیں سپاہ صحابہ نے دنیا بھر میں اسلام کے لبادے میں پھیلنے والے شیعت کے جراثیم کو روکنے اور پاکستان میں صحابہ کرامؓ پر تنقید کرنیوالی زبانوں اور تحریروں کو روکنے میں قابل قدر کردار ادا کیا۔ اس تنظیم نے ایران سے آنے والے قابل اعتراض لٹریچر اور اسلحہ کو روکنے کیلئے نہایت بہادری کیساتھ پوری قوم کی ترجمانی کی۔ بلاشبہ یہ سب کچھ اس جماعت کے شہید قائد مولانا حق نواز جھنگویؒ، جرنیل سپاہ صحابہ مولانا ایثار القاسمیؒ اور پچاس سے زائد شہداء کی قربانیوں کا ثمرہ ہے۔ سپاہ صحابہ کے بارے میں کوئی بھی رائے قائم کرنے سے پہلے ہر شخص کو ہماری دعوت اور نصب العین پر غور کرنا چاہئے ایک آدمی اگر جرات کیساتھ اپنے اسلاف واکابر کی تعلیمات پیش کرتا ہے اور ان پر تنقید کو نہایت جرات ودلیری سے روک دیتا ہے تو اسکو فرقہ پرور، تخریب کار اور فسادی کے الفاظ سے یاد کرنا اسکے اصل پروگرام سے ناواقفیت کی دلیل ہے جب تک آپ ہمارے پروگرام کا مطالعہ نہیں کرتے اور سنجیدگی کیساتھ ہماری تحریک اور سپاہ صحابہ کے اغراض ومقاصد سے واقفیت حاصل نہیں کرتے صرف سی آئی ڈی کی رپورٹوں اور مخالفین کے پروپیگنڈے کی بنیاد پر ہمیں ہدف تنقید بنانے کا آپکو کوئی اختیار نہیں۔

حق وانصاف کے اسی تقاضے کے مطابق غور وفکر کرنا ہی سوچنے کی اصل بات ہے۔

ابو ریحان ضیاء الرحمن فاروقی

سرپرست اعلیٰ سپاہ صحابہ

مدیران جرائد ☆ ارکان دولت ☆ ممبران پارلیمنٹ اور افسران حکومت کے نام

قیام پاکستان اور دو قومی نظریہ:-

آپ سے زیادہ اس حقیقت سے کون واقف ہوگا کہ پاکستان کی بنیاد دو قومی نظریہ پر رکھی گئی۔ مذہب، کلچر، تمدن، تہذیب اور معاشرت کے جداگانہ تصور نے ملت اسلامیہ کی ایک کثیر آبادی کو مجبور کیا کہ علیحدہ وطن کے لئے سرکف ہو جائیں، بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی اور شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی نے مسلمانوں کی ایک بڑی آبادی کے بالمقابل الگ قومیت کا نعرہ لگا کر، صرف ایک نظریہ اور ایک مذہب کی بنیاد پر پاکستان کے حصول کے لئے جدوجہد کی۔ ہندوؤں کی اسلام اور مسلم دشمنی نے انگریزوں سے نفرت کے ساتھ امت مسلمہ کو ہندوؤں سے دوری اور علیحدگی پر مجبور کیا۔ ایک عشرہ سے بھی کم مدت میں یہ کارروان کامیابی کے ساحل مراد تک پہنچ گیا اور اس طرح تاریخ کے افق پر پاکستان کے نام سے دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت معرض وجود میں آگئی۔ پاکستان کی اکثریت اہلسنت والجماعت سے تعلق رکھتی تھی۔ مسلمانوں کی قربانیوں کے حقیقی تقاضے کے برعکس قیام پاکستان کے فوراً بعد یہاں قادیانی، شیعہ اور لادین عناصر نے اس کی نظریاتی بنیادوں پر کلہاڑی چلانا شروع کیا، تو بانی پاکستان جیسا خالص غیر مذہبی سوچ رکھنے والا انسان آخر یہ اعلان کرنے پر مجبور ہوگیا۔

"پاکستان اسلام کے نام پر قائم ہوا، ہمیں یہاں خلفائے راشدین کی طرز پر فلاحی حکومت قائم کرنا ہوگی"

قائد اعظم کی وفات کے بعد ان کے جانشینوں نے ان کی امیدوں، تمناؤں اور نصب العین کو طاق نسیاں پر رکھ دیا۔ انہی کے حواری ان کے کفن کو تار تار کرنے لگے۔ جوتیوں میں دال بٹنے لگی۔ مسلم لیگ کے پلیٹ فارم پر مسلم لیگ ہی کے دستور اور لائحہ عمل سے پہلو تہی ہونے لگی۔ قائد اعظم کے ناخلف جانشینوں نے پاکستان کی نظریاتی سرحدوں سے غداری کی۔ اسلام کا نام لیکر اقتدار کو طول دینے والے اقتدار پر آئے۔ لیکن اسلام کی فلاحی

مملکت جس کے لئے محمد علی جناح اور ان کے بعض مخلص رفقاء نے جان جوکھوں میں ڈالی تھی۔ وہ آج تک قائم نہ ہو سکی' بانی پاکستان کے کھلے اعلان کے باوجود نظریاتی محاذ پر پاکستان لادین قادیانی اور شیعہ عناصر کے ہاتھوں بازیچۂ اطفال بنا رہا۔ قادیانی وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان نے دنیا بھر کے پاکستانی سفارتخانوں کو قادیانی تبلیغ کا مرکز بنا ڈالا۔ ملٹری اتاشی سے لیکر قونصلر تک ہر سطح پر قادیانیوں کو بھرتی کر کے وزیر خارجہ اپنے مذہب سے وفاداری کا حق ادا کرتے رہے۔

پاکستان کے مسلم مکاتب فکر کے تمام علماء نے حکومت کو متنبہ کیا کہ قادیانی اسلام کے دشمن اور پاکستان کے غدار ہیں' لیکن حکومت کی سرد مہری اور عیاری نے علماء کے اس احتجاج کو فرقہ واریت' فساد اور تخریب کاری قرار دیا۔ قادیانیت کے کھلے کفر کے خلاف احتجاج کے طور پر ۱۹۵۳ء میں تحریک ختم نبوت چلی۔ لاہور کی سڑکیں دس ہزار نوجوانوں کے خون سے سرخ ہو گئیں۔

پاکستان میں غیر اسلامی نظریات کا فروغ:-

انگریزی تمدن کے دلدادہ اور لادین حکمرانوں نے اپنی غیرت کو تج کر خالص جانبداری کا مظاہرہ کیا۔ قادیانی وزیر خارجہ کی تو چھٹی ہو گئی۔ لیکن قادیانیوں کی سرگرمیاں زیر زمین جاری رہیں۔ ایک طویل عرصہ تک پاکستان جیسا نظریاتی اور اسلامی ملک سر آغا خان' ممتاز دولتانہ' خواجہ ناظم الدین' غلام محمد' سکندر مرزا' اور یحییٰ خان جیسے لادین اور شیعہ حکمران کا تختہ مشق بنا رہا۔ ایک دور میں فوج اور سول سروس میں ساڑھے بارہ سو سے زائد قادیانی افسر تعینات تھے انہوں نے اپنی نام نہاد نبوت اور کافرانہ نظریات کے فروغ میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ ایک کلرک سے لیکر ۲۲ ویں گریڈ کے افسران تک ہر قادیانی اپنے مذہب کے فروغ میں جہاں تعصب ذہنی کا شکار رہا۔ وہاں پر وہ اپنے مذہب کے ایک مبلغ' مربی کا کردار ادا کرتے ہوئے علمائے حق کے خلاف پروپیگنڈہ اور نفرت پھیلانے میں کسی یہودی' عیسائی اور ہندو سے کم نہ تھا۔

پاکستان کا شروع ہی سے یہ المیہ رہا کہ علماء کا ایک طبقہ تقسیم ملک کی مخالفت کے باعث حکمرانوں کے دست ستم ران کی بھینٹ چڑھا رہا۔ ۱۸۵۷ء کے بعد انگریزی استبداد

نے علماء حق اور اسلام کے سکالروں کے خلاف جو نفرت دینی اداروں میں پھیلائی تھی۔ انہیں انگریزی مخالفت کی وجہ سے جھگڑالو' فسادی' تخریب کار اور ملک دشمن قرار دیا تھا اس تاثر نے ہر جگہ اثر جمایا۔

دوسری طرف خود علماء جدید تعلیم سے ایسے دور رہے کہ مسٹر اور ملا کے مابین پیدا کئے جانے والے کفر کے انگارے بھڑکتے رہے۔ ایک خدا اور ایک پیغمبر اور ایک کتاب کے ماننے والے انگریزی اور دینی طبقات طویل عرصہ تک باہم دستو گریباں رہے۔ اس نبرد آزمائی سے سب سے زیادہ فائدہ لادین عناصر' قادیانی' اور شیعہ لابی نے اٹھایا۔ انہیں دینی قیادت کے فروعی اختلافات کو بھی بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کا خوب موقع ملا۔ اس طرح ۴۲ سال باہمی نفرت اور بے جا دوری میں گزر گئے۔ انگریزی تعلیم سے آراستہ حکمرانوں اور فرنگی استعمار کے مراعات یافتہ طبقہ کے سامنے جب بھی اسلامی نظام کے نفاذ کا مطالبہ آیا۔ انہوں نے دیوبندی' بریلوی' اہلحدیث اختلافات کی آڑ میں اسے مسترد کردیا۔ ۱۹۵۱ء میں علماء کے تمام مکاتب فکر نے جب ۲۲ نکات پر مشتمل متفقہ لائحہ عمل اختیار کرنے پر ایک دستوری آئیڈیل پیش کیا تو حکمران پس وپیش کرنے لگے۔

مسئلہ ختم نبوت کے لئے علماء کی متفقہ جدوجہد:۔

حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری' سید مولانا ابوالحسنات قادری' مولانا محمد علی جالندھری داؤد غزنوی' قاضی احسان احمد شجاع بادی نے قادیانیت کے اسلامی دعوؤں کی قلعی کھول تو ایک طویل عرصہ تک "جدید" تعلیم یافتہ طبقہ ان کے استدلال کو ماننے کے لئے تیار نہ ہوا۔ قادیانیوں کے پروپگنڈہ" اقرار ختم نبوت' تائید شعائر اسلام کے ایسے اثرات حکمرانوں کے قلوب میں سرایت کر چکے تھے کہ وہ ایک لمحہ بھی ان کے کفریہ عقائد' دجل وفریب سے آلودہ نظریات کی بناء پر انہیں کافر اور غیر مسلم ماننے پر تیار نہ ہوئے۔

بالآخر علماء کی ۹۰ سالہ کاوش اور سعی پیہم رنگ لائی اور ۱۹۷۴ء کی قومی اسمبلی میں ایک تحریک کے نتیجے میں مولانا مفتی محمود نے ان کے عقائد ونظریات ان کی کتابوں سے آشکار کر دیئے۔ مفتی محمود کی تائید وحمایت میں مولانا شاہ احمد نورانی مولانا معین الدین لکھنوی کے علاوہ ۱۶ اراکین کی ایک بڑی تعداد نے ہاتھ اٹھائے' مولانا مفتی محمود کا طرز

استدلال' انداز تقریر' قوت بیان اس قدر پر اثر اور دل میں اتر جانے والا تھا۔ کہ قادیانیوں کا اس وقت کا سربراہ مرزا ناصر بھی ان کے سامنے لاجواب ہوگیا۔ بالآخر انگریزی خوانوں اور دین سے کماحقہ' واقفیت نہ رکھنے والی اکثریت نے بھی اس کفر کو تسلیم کرکے انہیں غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ قادیانیوں کے کھلے کفر کا یہ وہ اقرار تھا۔ جس کی جدوجہد میں ہزاروں علماء اور مسلمان جام شہادت نوش کرچکے تھے جس کے اعلان کے جرم میں سینکڑوں علماء سالہا سال تک میانوالی' مچھ' لاہور' ملتان' ڈیرہ غازیخان' فیصل آباد کی جیلوں میں عمروں کی کئی کئی منزلیں گزار چکے ہیں۔

آپ حضرات ہی میں بہت سے افسران اور ممبران نے قادیانیوں کے اقلیتی حقوق کے تحفظ کے بہانے علماء کا راستہ روکا تھا۔ ان پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ ان کے داخلے بند کئے تھے انہیں کافر کہنا تو درکنار ان کے عقائد سے آگاہ کرنے پر بیسوں مقدمات قائم کئے تھے علمائے حق نے اپنی شرعی ذمہ داری کے تحت کسی مداہنت کا اظہار نہ کیا تھا انہوں نے تمام مشکلات اور عواقب کو بصد خوشی قبول کرکے اسلام کے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے اسلاف کی سنت تازہ کردی عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ اسلام کا بنیادی مسئلہ تھا۔ لیکن پاکستان کے دین سے بے بہرہ اکثر حکمرانوں کو نظریہ پاکستان کی روشنی میں بھی اس کا قطعی احساس نہ تھا۔ انہیں اپنے عہدہ اور افسری کے باب میں مذہب اور عقیدہ کی سوچ سے بالکل تہی ہو کر سوچنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ان کے سامنے دینوی عہدہ کا احترام اسلام کی شرعی اور ایک مسلمان ہونے کے ناطے پیدا ہونے والی ذمہ داری سے کہیں زیادہ تھا۔

حکمرانوں اور ارکان دولت کے فرائض:۔

اسلامی مملکت میں حکمرانوں کی سوچ اور فکر بلاشبہ مساوات کی آئینہ دار ہوتی ہے لیکن ایسا تو کسی حکومت میں نہیں ہوا کہ خود انہی کی مملکت کی بنیاد جس نظریہ پر رکھی گئی ہے اس کی بنیادیں کھودی جارہی ہوں۔ ان کے عقائد پر کلہاڑا چلایا جارہا ہے ان کی نئی نسل کو ان کے اسلامی عقائد سے برگشتہ کیا جارہا ہے۔ ان کے سامنے ان کے دین کی اصل شکل مسخ کی جارہی ہو۔ ان کے سامنے ایک نئے مذہب' نئی تہذیب اور نئی تمدن اور نئی معاشرت کا درس دیا جارہا ہو اور وہ رواداری اور اعتدال و مصلحت اور ملکی حالات کا بہانہ بنا

کر آسودہ خواب رہیں۔

خود اپنی موجودگی میں کفر کو اسلام کے لبادے میں پروان چڑھتے دیں۔۔۔۔۔ اگر یہ سب کچھ درست ہے تو پھر آپ کو ہندوؤں سے علیحدگی اختیار کرنے کی کیوں ضرورت پیش آئی پھر دو قومی نظریہ کو کیوں سینے سے لگایا گیا تھا۔ اگر ہندو علیحدہ مذہب اور الگ معاشرت کا علمبردار ہے تو اس طرح کوئی اور گروہ اسی طرح الگ مذہب معاشرت اور الگ عقائد و نظریات اپنائے اور پھر یہ سب کچھ ہندوؤں سے بھی آگے بڑھ کر اسلام کے نام پر کر رہا ہو تو ایسے موقع پر آپ کی خاموشی اس بات کا ثبوت نہیں کہ خود اسلام کی چودہ سالہ تصویر کو بدلنے میں ان کی معاونت کر رہے ہیں۔ آپ صرف ایڈمنسٹریشن کی آڑ میں غیر اسلامی افکار کو پنپنے کا موقع دے رہے ہیں کیا آپ نے نظریہ پاکستان سے وفاداری کا حلف نہیں دیا؟ کیا آپ کفر کو پھیلتا ہوا دیکھ کر بھی اس عہد کے ایفاء کے لئے کچھ نہیں کر سکتے۔ اگر اس کفر کے بالمقابل کوئی جماعت نبرد آزما ہو یا اسلام کے اس فریضہ پر عمل پیرا ہو، تو آپ حسب سابق پھر ان کا راستہ روکتے ہیں۔ ان کی خالص اسلامی جدوجہد کو فرقہ واریت تخریب کاری، فساد قرار دیتے ہیں۔

تاریخ اسلام کے دریچے میں جھانکنے والا ہر شخص جانتا ہے ۱۶ھ میں امیر المومنین سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کی فوجیں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی قیادت میں ہزاروں کی تعداد ایران پر حملہ آور ہوئیں۔ ایرانی حکومت کا سرکاری مذہب زرتشت کے مطابق مجوسیت تھا۔ ایرانی حکومت کے ظلم و تشدد اور بربریت سے انسانیت ہار چکی تھی، سرمایہ داروں کے تکبر اور انانیت نے پورے ملک کے غریب عوام کو چکی کے دوپاٹوں کی طرح پیس کر رکھ دیا تھا۔ استبداد و جور کی سیاہ اندھیری میں فاروق اعظمؓ نے عدل و انصاف اور رعایا پروری کا دیپ جلایا۔ دیکھتے ہی دیکھتے پورا ایران اسلام کے ظل عاطفت میں آگیا۔

امیر المومنین سیدنا فاروق اعظمؓ کے فتح کئے ہوئے ایران میں آج سے تین سو سال پہلے اسماعیل صفوی جیسے حکمرانوں کی غداری کی وجہ سے شیعہ مذہب کے جرثومے پھوٹنا شروع ہوئے۔ ایران کے سنی علماء، مجتہد، مشائخ، سکالر، دانشور ارکان رواداری اور مصلحت کی لمبی لمبی چادریں تان کر آسودہ خواب تھے۔ ۹۵ فیصد سنی اکثریت طاقت کے ذریعے اقلیت میں تبدیل کر دی گئی۔ ایک ہزار سال کی اسلامی مملکت کے بعد ایران کی سیاسی ہیئت

تبدیل ہوگئی۔ امیر المومنین سیدنا فاروق اعظمؓ کے فتح کئے ہوئے ملک میں خود انہی کو کافر قرار دینے والے مسلط ہوگئے ملت کو سینکڑوں برس میں ایسا کاری زخم پہلے کبھی نہ لگا تھا جیسا یہ زخم تھا' یوں تو سانحہ بغداد ابن علقمی نامی شیعہ کا سیاہ کارنامہ بھی کوئی اس صدمے سے کم نہ تھا لیکن پورے کا پورا ملک مسلم قومیت سے نکل کر شیعیت کے تصور میں گم ہوجائے۔ کفر طاقت کے ذریعے اسلام بن جائے ظلم کو انصاف شمار کیا جائے۔ ساری سلطنت ---- صحابہؓ دشمنوں کے آغوش میں چلی جائے تاریخ اسلام کا یہ پہلا واقعہ تھا۔

شیعہ مذہب دنیائے عالم کا وہ خطرناک اور زہرافشاں فتنہ ہے جس نے اسلام کے نام پر اسلام کی جڑیں کھودی ہیں اپنا تشخص اسلام ہی کے نام پر قائم کرکے اسلامی حکمرانوں کی سادگی' لالچی' کم مائیگی' فروتنی' مصلحت براری کا مذاق اڑایا ہے جس قوم کا تصور' توحید و رسالت' تصور قیامت و بعثت' تصور قرآن و سنت' تصور عقائد احکام' تصور معاشرت و تمدن اسلام سے بالکل جدا اور محمدی شریعت سے کوسوں دور ہو اس کی عیاری وار فتنہ پروری کی بہرحال داد دینی پڑتی ہے کہ وہ کیونکر ۱۴۰۰ سو سال سے امت محمدیہ کے ایک طبقے اور دیگر غیر مسلم اقوام میں خود کو بطور مسلمان متعارف کرانے میں کامیاب ہوچکا ہے۔

وہ گروہ تحریف قرآن اور تکفیر صحابہؓ کے علاوہ اسپین میں الزغل کے ذریعے اسلامی حکومت کو پارہ پارہ کرنے سانحہ بغداد برپا کرنے صلاح الدین ایوبی کے قتل کا منصوبہ بنانے سلجوقی اور فاطمی حکومتوں کو زیر و زبر کرنے میر صادق کے ذریعے سلطان ٹیپو کو قتل کرنے' میر جعفر کے ذریعے نواب سراج الدولہ کو راستے سے ہٹانے کے باوجود اپنے تئیں اسلام کا بہی خواہ قرار دینے میں شرم محسوس نہیں کرتا۔

شام اور ایران میں شیعہ حکومتوں کا قیام:-

۱۲ھ میں حضرت اسامہ بن زیدؓ کی فوجوں نے ملک شام پر چڑھائی کی۔ صحابہ کرامؓ نے پہلے ہی معرکے میں شام سے عیسائیت کو رخصت کرکے اسلامی حکومت قائم کی۔ پھر ۱۹ سال تک شام ہی حضرت معاویہؓ کا پایہ تخت رہا۔ اسی جگہ پر سینکڑوں اسلامی حکومتیں قائم ہوئیں۔ لیکن ایک ہزار سال بعد جب پھر سنی غفلت کا شکار ہوا۔ حکمرانوں اور ارکان دولت نے اپنے ہی مذہب سے پہلوتہی کی۔ علماء اور مشائخ اپنے تشخص اور مسلک کو دوسرے

درجہ کی ضرورت قرار دینے لگے تو صحابہ کرامؓ کے فتح کئے ہوئے اسی ملک شام پر بھی شیعہ حکومت------ قائم ہوگئی۔

آج بھی وہاں حافظ الاسد شیعہ کے نصیری فرقہ کا علمبردار برسراقتدار ہے اس کے دور میں ہزاروں سنی علماء اور لاکھوں حساس افراد طرح طرح کی اذیتیں دے کر ذبح کر دیئے گئے۔ آج دنیا کے تمام ممالک میں سنی شامی علماء کی بڑی تعداد آپ کو ملے گی۔ جو حافظ الاسد کے ظلم وبربریت کا شکار ہو کر دنیا بھر میں اپنی بے حسی کا رونا رو رہے ہیں ایران اور شام اکثریتی سنی آبادی والے ممالک تھے' لیکن اہلسنت کی غفلت نے آج ان کو ذلت و رسوائی اور حقارت ونفرت کے ایسے گرداب میں ڈال دیا ہے کہ ان کی فریاد سننے والا کوئی نہیں۔

ایرانی انقلاب کو دنیا بھر میں برآمد کرنے کے لئے جس قدر زور صرف کیا جا رہا ہے میں اور آپ اس کا تصور نہیں کرسکتے۔ ۶ / اگست ۱۹۹۰ء سے پہلے تک پاکستان کی قومی اسمبلی میں ۴۳ صوبائی اسمبلیوں میں ۸۳ اور وفاقی کابینہ میں ۱۷وزارتوں پر شیعہ فائز تھے خود وفاقی حکومت کی سربراہ بے نظیر اور سینئر وزیر نصرت بھٹو ایرانی النسل شیعہ تھیں ان کے دور میں سیکرٹری داخلہ ایس کے محمود' سیکرٹری دفاع اجلال زیدی شیعہ تھے۔

ایسے ملک میں جہاں ۹۷ فیصد سنی اور پونے دو فیصد شیعہ آبادی ہو وہاں کلیدی عہدوں پر اتنی بڑی تعداد میں شیعہ کا تسلط آپ کے ملک کی بنیادی حیثیت ہی کو تبدیل کرنے کی سازش تو نہیں؟ کیا اس قدر غفلت اور کاہلی کے بعد وقت تو نہیں آجائے گا۔ جب اہلسنت کے اس عظیم ملک کو شیعہ قرار دیکر شام کی طرح یہاں کے لاکھوں سنی علماء مشائخ اور نامور زعماء کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے گا؟

آپ جس گھر کے باسی ہیں اسی پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے اس کی ناموس خطرے میں ہے اسی کا تقدس بین الاقوامی سازشوں کی زد میں ہے وہی متاع حیات جسے عقیدہ اور مسلمان کی آخری امید کہا جاتا ہے۔ وہ لٹنے اور ضائع ہونے کے قریب ہے آپ کا دشمن ہر جگہ ہر سوسائٹی اور ہر ڈیپارٹمنٹ میں اپنے مذہب کے فروغ میں اس قدر متعصب ہے کہ آپ سوچ نہیں سکتے ہیں۔ آپ کے پاک وطن پر دشمن شب خون مارنے کے لئے پر تول رہا ہے۔ اس خطرے کی گھنٹی کو محسوس کرنا آپ کا دینی اور قومی فریضہ ہے۔

ایران میں آج بھی ۳۵ فیصد اہلسنت ہیں۔ ۴۶ ملین کل آبادی میں ۱۶ ملین سنی عوام ہیں لیکن کوئی سنی ایران کا صدر اور وزیراعظم، سپیکر، وزیر، جج اور پارلیمنٹ کا ممبر نہیں بن سکتا۔ ایران کے نئے آئین کی دفعہ ۱۲ کی رو سے ایران کے کسی کلیدی عہدے پر کوئی سنی براجمان نہیں ہو سکتا۔ نہ صرف عہدیداروں کا تفاوت بلکہ اقلیتی آبادی کی بے بسی کا عالم یہ ہے کہ تہران جیسے شہر میں جہاں ۵ لاکھ سنی آباد ہیں کسی سنی کو نہ تو مسجد بنانے کی اجازت ہے نہ مدرسہ و مکتب ۳۵ فیصد سنی آبادی کے ملک میں ۶۳ فیصد شیعہ آبادی کس قدر حساس ہے، شیعہ نے ان کو کیا حقوق دے رکھے ہیں؟ شیعہ اپنے مذہب میں کس قدر متعصب اور حساس ہیں اس بات کا اندازہ آپ ایرانی پارلیمنٹ کے سنی ممبر کے صاحبزادے اور مجلس اہلسنت ایران کے رہنما علی اکبر مولا زادہ کے درج ذیل تازہ انٹرویو سے کر سکتے ہیں۔ جو سنگاپور سے شائع ہونے والے رسالے Impact International میں شائع ہو چکا ہے۔

ایران میں اہل سنت پر مظالم کی داستان خونچکاں

ایران میں سنیوں کی حالت شاہ کے دور اقتدار میں بھی کچھ زیادہ اچھی نہ تھی۔ لیکن نام نہاد اسلامی انقلاب کے بعد مزید ابتر ہوتی گئی۔ ہم نے شاہ کے خلاف ایجیٹیشن میں شیعہ سنی سے لیکر ازہری، بلوچی کرد، ترکمان اور دوسری قومیتوں اور لسانی گروپوں میں اختلافات کی نفی کرتے ہوئے شاہ کے خلاف جناب خمینی کا ساتھ دیا۔ خمینی نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ یہ انقلاب خالص اسلامی ہوگا۔ انقلاب کی کامیابی کے بعد تمام فرقوں کو مذہبی اور شہری آزادی دی جائے گی۔ لیکن شاہ کا اقتدار ختم ہونے کے فوری بعد انقلابی لیڈروں نے ہمارے ساتھ دغا کیا۔ خمینی کی رہنمائی میں تیار کردہ جمہوریہ ایران کے آئین میں شیعہ ازم کو سرکاری مذہب کی حیثیت دے دی گئی اور مملکت کے رہنما اصولوں میں جمہوریہ ایران کو اسلامی مملکت کی بجائے شیعہ سٹیٹ قرار دیا گیا۔ اس کے ساتھ ستم یہ کہ مملکت کے پالیسی ساز اداروں سے سنیوں کو مکمل طور پر نکال دیا گیا اس وقت ایران میں سنیوں کو غیر مسلم اقلیتوں یہودی عیسائی آرمینائی اور زرتشتی کے برابر حقوق حاصل نہیں ہیں عملی طور پر سنیوں کو ان غیر مسلم اقلیتوں سے بھی کم حقوق حاصل ہیں۔ آئینی حقوق سے محروم کرنے کے ساتھ ساتھ سنی اکثریتی علاقوں کو تشدد کی پالیسی کے ساتھ کچل دیا گیا ہے۔ اس مہم میں

سب سے پہلے کردستان کی سنی اکثریت کو نشانہ بنایا گیا۔ وہاں ایک چھوٹی سی کمیونسٹ ایجنسی کو ہوا دی گئی۔ پھر اسے بہانہ بنا کر کردوں (سنیوں) کے خلاف ایک خوفناک جنگ کا آغاز کر دیا گیا۔ اس مہم کے دوران کردستان کے دیہاتوں میں نیپام بم پھینکے گئے سینکڑوں کرد قصبات اور سنی آبادی والے مراکز کو تباہ و برباد کر دیا گیا۔ سینکڑوں مرد عورتیں' بچے شہید کر دیئے اور ہزاروں بے گناہ معصوم سنی بچیوں کی بے حرمتی کی گئی۔ شیعہ ملاؤں نے اس سنی کش مہم کو جاگیرداروں کے خلاف جنگ قرار دیا۔ اسی طرح بندر ترکمن میں سنی کش مہم میں منصوبہ بندی کے تحت جمعہ کی نماز کے اجتماع میں اندھا دھند فائرنگ کی گئی۔ جس سے بیس سے زائد سنی نوجوان شہید ہو گئے۔ سنی اکثریت کے علاقہ ترکمن صحرا پر مسلح حملہ کے دوران پورے علاقے کا محاصرہ کر لیا گیا۔ کوئی مرد عورت بچہ گھر سے نکلتا گولیوں سے چھلنی کر دیا جاتا' سنی اکثریتی صوبہ بلوچستان کے دارالخلافہ زاہدان کو انقلابی دہشت اور تشدد کا خصوصی نشانہ بنایا گیا۔ شہر میں بلا جواز کرفیو لگا کر خون کی ہولی کھیلی گئی۔ اس سنی کش مہم میں سو سے زائد نوجوان شہید اور ہزاروں زخمی ہوئے بد قسمتی سے ہمیں ایک ایسی قیادت سے واسطہ پڑا ہے جو اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ ہماری حکومت ہی مذہبی طور پر جائز ہے تقیہ اس حکومت کے رہنماؤں کے عقائد میں شامل ہے جس کے مطابق اپنے مذہبی عزائم کے حصول کے لئے جھوٹ بولنا' حقیقت کو چھپانا یا فریق ثانی کو دھوکا دینا انتہائی پارسائی اور تقویٰ ہے۔

میرے والد مرحوم مولوی عبدالعزیز اور علامہ احمد مفتی زادہ قانون ساز اسمبلی کے سنی ممبر تھے انہوں نے سنیوں کے جائز حقوق کی تلفی اور ان کے کربناک مسائل کی آواز اسمبلی میں اٹھائی مسٹر خمینی کے ساتھ ذاتی ملاقاتوں میں بھی سنیوں کی مشکلات کا جائزہ پیش کیا لیکن کوئی خاطر خواہ نتیجہ بر آمد نہ ہوا۔ میرے والد کی تقریر اسمبلی ریکارڈ میں موجود ہے۔ جس میں انہوں نے شیعہ قیادت سے اپیل کی تھی۔ کہ مسلمانوں میں تفرقہ نہ ڈالے اور سنیوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم نہ کرے' ورنہ یہ انقلاب بھی آخر کار شاہ کے انجام سے زیادہ مختلف نہ ہو گا۔ ہم نے محسوس کیا کہ سنیوں کے خلاف تمام کارروائی کے پیچھے خمینی کا ہاتھ ہے میرے والد اور علامہ مفتی زادہ کو سنی حقوق کی آواز بلند کرنے پر اسمبلی کی رکنیت سے برخاست کر کے جیل میں ڈال دیا اور جیل میں ان پر تشدد کی انتہاء کر دی گئی' کئی سنی

رہنماؤں کو پاسبان انقلاب کے ہاتھوں بلاجواز شہید کرا دیا گیا۔ دیگر سنی رہنماؤں مولوی عبدالمالک مولوی عبدالعزیز الزہری ناصر سجانی مولوی ابراہیم دامانی اور مولوی نذر محمد کو سنی کش مہم کے خلاف آواز اٹھانے پر جیل میں انتہائی دردناک تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔

انقلاب ایران کے بعد ہم پر جلد یہ بات واضح ہونے لگی۔ کہ انقلاب کی شیعہ قیادت صفوی کی مذہبی پالیسی کی پیروی کر رہی ہے تین صدی قبل ایران ایک اکثریتی سنی مملکت تھا جونہی شاہ اسماعیل صفوی نے اقتدار پر قبضہ کیا۔ اس کی فوجوں نے جہاں تک ممکن ہو سکا لاکھوں سینوں کو تہہ تیغ کیا۔ ایران کے وسطی علاقوں کو جہاں پر سنی اکثریت تھی۔ مکمل طور پر سنی آبادی سے پاک کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ ایران میں سنی آبادی صرف دور دراز پہاڑی اور ریگستانی صوبوں تک محدود ہے اس وقت ان علاقوں میں صفوی فوجیں سفری مشکلات کے باعث نہ جا سکی تھیں۔

موجودہ دور کے صفیوں و شیعہ قیادت نے ایران کے نوجوان سینوں کو ختم کرنے، شیعہ بنانے اور انہیں جلاوطن کرنے کا تین نکاتی پروگرام تشکیل دیا ہے اس پروگرام کی تکمیل پر عورتیں اور بچے خود بخود شیعہ قیادت کے زیر اثر آجائیں گے۔ اس پروگرام کے پیچھے ایران کو سو فیصد شیعہ سٹیٹ بنانے کا جنونی جذبہ کار فرما ہے اگرچہ یہ پروگرام عراق کے ساتھ جنگ چھڑنے کی وجہ سے عارضی طور پر سرد خانے میں چلا گیا تھا لیکن اب جنگ کے اختتام کے بعد حکومت دوبارہ ایک نئے جوش وجذبہ کے ساتھ اس پالیسی پر واپس آرہی ہے اس وقت ایک بھی وزیر نائب وزیر سفارت کار، فوجی افسر، عدالت کا جج، گورنر جنرل کارپوریشن یا بلدیہ کا چیئرمین سنی نہیں ہے حتی کہ سنی علاقوں میں بھی مذہبی پیشوا، شیعہ اور سنی ان کے پیچھے نماز پڑھنے پر مجبور ہیں، کچھ دفاتر آئینی طور پر صرف شیعہ کے لئے مخصوص ہیں، کافی دفاتر پر حکومتی افراد نے عملی طور پر اپنی اجارہ داری قائم کی ہوئی ہے۔ ملک کا شعبہ نشرواشاعت شیعہ عقائد و نظریات پھیلانے کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے سینوں اور اسلام کے خلاف تحریک چلا رہا ہے اس میں مسلمانوں کی مقدس ہستیوں پر رکیک حملے اس تحریک کا حصہ ہیں اصحاب ثلاثہ، ابوبکرؓ عمرؓ عثمانؓ اور آنحضور ﷺ کی بیویوںؓ پر کھلے عام تبرا اور ان کے خلاف یک طرفہ پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے۔

پرائمری سے یونیورسٹی درجے کی تعلیمی اور نصابی کتابیں شیعہ ازم کے نظریات کو

فروغ دے رہی ہیں۔ شیعہ ازم کے علاوہ ہر نظریہ کو خارج از نصاب قرار دیا گیا ہے اس کے ساتھ اصحابؓ اور رسول ﷺ کے خلاف طبری کی ہرزہ سرائی کو بھی نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔

سنی طلبہ پر یونیورسٹی تعلیم کے دروازے مکمل طور پر بند کردیئے گئے ہیں زاہدان یونیورسٹی جو بلوچستان کی ۹۰ فیصد سنی آبادی کی واحد یونیورسٹی ہے اس میں دو ہزار طلبہ میں صرف ۹ سنی طلبا داخل ہیں۔ سینوں کو اپنے عقائد کی تشریح یا اشاعت کے لئے کوئی کتاب' اخبار' کتابچہ' رسالہ' شائع کرنے کی قطعاً اجازت نہیں ہے حتیٰ کہ صرف سینوں کی حد تک بھی اس کا اہتمام نہیں کیا جاسکتا۔ جس کسی نے بھی ایسا کرنے کی کوشش کی اسے پابند سلاسل کردیا گیا۔ کاروبار کو فروغ دینے کے لئے بنک کے قرضے' لائسنس زرعتی اور صنعتی منصوبے صرف شیعوں کے لئے وقف ہیں حتیٰ کہ سنی اکثریتی علاقوں میں بھی سینوں کو یہ سہولتیں میسر نہیں ہیں۔ اہل اقتدار لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں' سینوں کو سینوں سے ہی لڑایا جارہا ہے۔ حکومت تمام سنی قبائل کو آپس میں لڑنے کے لئے اسلحہ فراہم کررہی ہے تہران کے اکثریتی سنی علاقوں میں ایک منصوبے کے تحت شیعہ کی آباد کاری کا کام بڑے زور سے جاری ہے سنی اکثریتی علاقوں کو اقلیتی علاقوں میں بدلا جارہا ہے اس پالیسی کے تحت سنی نوجوانوں کی پاکستان یا گلف میں نقل مکانی کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے سنی رہنما کی تمام کوششوں اور صدائے احتجاج کو جو انہوں نے ان ایزا رسانیوں اور ناانصافیوں کے خلاف کی ہے کو سختی کے ساتھ کچل دیا گیا ہے۔ اب ایسا کوئی طریقہ ان کے پاس نہیں کہ وہ اپنی آواز کو ایران کے اندر دوسروں تک پہنچا سکیں۔ کیونکہ نشرواشاعت مشینری پر شیعہ ملائیت کا کنٹرول ہے۔

علی اکبر مولا زادہ کے چونکا دینے والے انکشافات کے بعد ایران کی جیل سے ایک مظلوم سنی کی فریاد کی صدائے بازگشت بھی بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے ذریع دنیا تک پہنچ چکی ہے اس چیخ وپکار پر ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ سنی افسران کا رویہ کیا ہونا چاہئے۔ ۴۲ سنی ممالک کے حکمرانوں اور ارکان دولت پر لازم ہے کہ غفلت کی چادر اتار کر ایران کے مظلوم اہلسنت کے لئے آواز بلند کریں۔

ایران کی جیل سے لکھے گئے خط کے مندرجات ملاحظہ فرمائیں۔

ایرانی اہلسنت کے متعلق باہر کے مسلمان بہت کم جانتے ہیں کہ اصل میں انکی حالت کیا ہے؟ شاہ کے دور میں وہ کس حال میں تھے؟ اور انقلاب کے بعد وہ کس حال میں ہیں؟

اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ باہر کے پریس خواہ مسلمانوں کے زیر نگین ہوں یا غیر مسلمانوں کے 'سب ہی نے ان کی حالت زار کو نظر انداز کیا ہے' غیر مسلمانوں کی عدم دلچسپی کی وجہ تو نمایاں ہے' لیکن مسلمان اہل علم و قلم نے اس سلسلے میں بے حسی کا جو مظاہرہ کیا ہے اسلامی تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ روس ہو' برما ہو یا فلسطین' کشمیر ہو یا افغانستان' انڈیا ہو یا اری ٹیریا' جہاں بھی مسلمان رہتے ہیں جب انہیں ظالموں نے ستم کا نشانہ بنایا تو ان کی صدائے مظلومیت سن کر عالم اسلام جاگ اٹھا۔ مسلمانوں کے ضمیر بیدار ہو گئے۔ ہر سطح پر ان کی حمایت و معاونت کی گئی۔ لیکن بد قسمتی ہیں ایران کے ۳۵ فیصد سے زائد سنی مسلمان کئی سالوں سے ظلم و ستم کی چکی میں پسنے کے باوجود آج تک کسی مسلمان اور غیر مسلمان نے ان سے اظہار ہمدردی اور ان کی معاونت تو کجاان کی طرف اشارہ تک نہیں کیا پتہ نہیں ان کی بدقسمتی ہے یا عالم اسلام اور مسلمانوں کی مجرمانہ غفلت خدا معلوم انہیں کس کی نظر کھا گئی ہے ایران کے اہلسنت فتح ایران سے لیکر دسویں ہجری تک اپنی بساط کے مطابق اسلام اور مسلمانوں کی خدمات انجام دیتے رہے' موجودہ دور کے درس نظامی کی الف ب سے لیکر انتہا تک یا بالالفاظ دیگر نحو میر سے لیکر بخاری تک کی اکثریتی درسی کتب ایرانی اہلسنت علماء کی خدمات جلیلہ اور عظمت کا بین ثبوت ہیں۔

تفسیر میں' اصول تفسیر' اصول حدیث' اصول فقہ' ادب بلاغت تاریخ' لغت' سیرت' مغازی' طب' ریاضی سائنس غرض اسلامی و عصری علوم و فنون میں ایران کے سنی اہل علم نے عالم اسلام کیلئے شاندار خدمات سرانجام دی ہیں دنیا کا کوئی کتب خانہ ان کی کتابوں سے خالی نہیں۔ لیکن تماشا دیکھئے کہ آج انہی اہل علم کی سرزمین تہران میں' کرمان' مشہد' غرض کسی شہر میں بھی ان کے نیاز مندوں کو' ان کے بچوں کو مسجد بنانے کی بھی اجازت نہیں۔

آج اسلامی ممالک میں خاص طور پر پاکستان کے بہت سے اہل علم اور علامہ بھی ہم سے پوچھتے ہیں' کیا واقعی ایران میں اہل سنت بھی رہتے ہیں؟ راقم الحروف نے انقلاب ایران کے تین سال بعد پاکستان میں صوبہ پنجاب کی ایک اہم اور معروف دینی درس گاہ میں داخلہ لیا ایک استاد کو جب پتہ چلا کہ میں ایرانی ہوں تو تعجب سے پوچھنے لگے آپ سنی ہیں یا

شیعہ؟ میں نے کہا کیا آپ کو میرے سنی ہونے میں شک ہے؟ فرمانے لگے ایران تو شیعوں کا ملک ہے وہاں سنی کہاں؟ مجھے بہت تعجب ہوا۔ ایک اہل علم، ایک معروف دینی درسگاہ کا استاد جن کتابوں کو پڑھاتا ہے ان کے مصنفین سب ایرانی سنی پھر بھی یہ سوالات، جب میں نے غور کیا تو ان کو حق بجانب رکھا سمجھا۔ کیونکہ ایک زمانہ وہ تھا کہ ایشیاء افریقہ حتیٰ کہ یورپ کے طلبہ نے علمی پیاس بجھانے کے لئے ایران کا رخ کیا ہے اصل میں انہیں تعجب اسی پر ہونا چاہئے تھا لیکن عصر حاضر کے بیشمار مسائل نے لوگوں کو ایسا الجھا دیا ہے کہ مقصد اور ہوتا ہے زبان سے نکلتا کچھ اور ہے۔

ایران کے اہلسنت کے متعلق سب خاموش رہے اور ہیں علماء کرام نے ان کی طرف توجہ دی نہ دانش وروں نے کوئی نوٹس لیا۔ نہ اہل قلم وصحافت نے اس مسئلے میں دلچسپی لی۔ ارباب سیاست کی تو کیا پوچھئے، بہت سے اہل علم وسیاست اور دینی وسیاسی تنظیموں کے ذمہ دار حضرات سے جب ہم نے اس سلسلے میں رابطہ کیا اور بات چیت کی تو کہنے لگے ہمیں تو خبر نہیں آپ ہمیں لکھ کر دے دیں اور ہم سے رابطہ رکھیں ہم حکومتی اور عوامی سطح سے آواز اٹھائیں گے لیکن۔

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

بہت سے اخبارات اور جرائد کے دروازوں پر بھی دستک دی ہر جگہ سے یہی جواب ملا کہ اے بھائی صبر کریں، حالات سازگار نہیں، ایران کے بارے میں لکھنا منع ہے، صبر کریں، حالات ٹھیک ہوں گے اور ـــــ اور کئی ایک نے تو ابتداء ہی سے منفی جواب دے کر مایوس کیا۔ اب ہم ایک بار پھر جسارت کرکے ان سطور کی اشاعت کے لئے آپ کو زحمت دیتے ہیں اور آپ کی وساطت سے اپنے مسلمان بھائیوں سے چند سوالات کرتے ہیں امید ہے کہ قارئین کرام ہمارے ان سوالات پر غور کرکے اظہار ہمدردی فرمائیں گے، یا اپنے طور پر اپنے پسندیدہ مجلات وجرائد کو ایک ہی خطبہ کے ذریعے اپنے فریضے کی طرف توجہ دلائیں گے۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ صفوی اور دور حکومت سے قبل ایران کی اکثریت ۹۵ فیصد اہلسنت والجماعت تھی!

۲)..... کیا آپ کو علم ہے کہ موجودہ ایران میں ۳۵ فیصد اہلسنت رہتے ہیں۔

۴)..... کیا آپ کو معلوم ہے کہ ۳۵ فیصد اہلسنت ایران میں اپنے تمام جائز حقوق سے محروم ہیں؟

۵)..... کیا آپ کو معلوم ہے کہ موجودہ "شیعہ حکومت" نے اہلسنت کی بہت سے مساجد اور مدارس بند کردیئے ہیں؟

۶)..... کیا آپ کو معلوم ہے کہ ایرانی دارالحکومت تہران میں ۵ لاکھ اہلسنت مسجد بنانے سے محروم ہیں؟

۷)..... کیا آپ کو خبر ہے کہ "بندر لنگہ" شہر کی جامع مسجد پر جمعہ کے دن ایرانی پاسداران انقلاب نے نماز کے وقت حملہ کرکے ۲۳۰ سے زائد سنیوں کو شہید اور کئی ایک کو زخمی کیا اور محراب کو گولیوں کا نشانہ بنایا؟

۸)..... کیا آپ کو اطلاع نہیں کہ انقلاب کے بعد سنی صوبہ کردستان پر ہیلی کاپٹروں اور بمبار طیاروں سے ہم وطنوں کو بے دردی سے تہ تیغ کیا گیا اور ہزاروں مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

۹)..... کیا آپ کو یاد نہیں کہ انقلابی گارڈ کے جیالوں نے جنھیں مسٹر خمینی بیٹے کا خطاب دیا کرتے تھے اہلسنت کے علاقے "ترکمان صحرا" میں گھس کر عام وخاص کو قتل کیا؟

۱۰)..... کیا آپ کو خبر نہیں کہ اہلسنت کے بے شمار نوجوانوں کو شیعہ انقلابی حکومت نے منشیات فروش مخالف انقلاب مفسد فی الارض قرار دے کر تختہ دار پر لٹکایا ہے؟

۱۱)..... کیا آپ کو معلوم ہے کہ اہلسنت ایران کے بڑے رہنما علامہ احمد مفتی زادہ صوبہ خراسان کے شیخ الاسلام علامہ محی الدین صوبہ بلوچستان ایران کے بے باک اور مشہور رہنما مولانا نذر محمد سابق ممبر قومی اسمبلی (خمینی کے دور میں) اہلسنت کی عظیم علمی شخصیت مولانا ڈاکٹر احمد میرزمن اور بہت سے اہل علم آج تک "اسلامی جمہوریہ" ایران کے خفیہ جیل خانوں میں موت وحیات کی زندگی گزار رہے ہیں؟

۱۲)..... کیا آپ جانتے ہیں ۳۵ فیصد اہلسنت میں سے پورے ایران میں ایک وزیر ایک جرنیل ایک گورنر اور کوئی بھی بڑے یا درمیانے درجے کا عہدیدار نہیں ہے؟

۱۳)..... کیا آپ کو معلوم ہے کہ پرائمری سے لیکر یونیورسٹی تک تمام سنی بچے شیعہ فقہ ونظریات کے مطابق تعلیم حاصل کرتے ہیں حتیٰ کہ سنی اکثریت والے صوبوں میں بھی ٹیچر

شیعہ سی ہیں؟

۱۳..... آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ آپ کے پڑوسی ملک ایران میں مسلمان سنی ۳۵ فیصد ہونے کے باوجود اپنے تمام اقتصادی مذہبی اور تعلیمی حقوق سے محروم ہیں اور وہ بھی ان ہی لوگوں کی طرف سے جو دس سال سے زائد عرصہ ہوا ہے اپنے (نام نہاد) اسلامی شعارات اور وحدت و اتحاد کے نعروں سے عالم اسلام کے کانوں کو بہرہ کر رہے ہیں اور ان کے پیشوا خمینی کا قول ہے''شیعہ سنی بھائی بھائی'' ہیں جو ان میں اختلاف ڈالے نہ شیعہ ہے نہ سنی بلکہ استعماری قوتوں کا ایجنٹ ہے'' آپ پر فرض ہے کہ ایران کے حکمرانوں سے استفسار کریں کہ آپ جو شیعہ اور سنی میں اختلاف کے بانی ہیں اور اہلسنت کو تمام حقوق سے محروم کر رہے ہیں کس کے ایجنٹ ہیں اور یہ سب کچھ کس کے اشارے اور ایماء پر کر رہے ہیں؟ آخر میں ہم شیعہ سے بھی التماس کرتے ہیں کہ ناانصافی اور ظلم کا راستہ چھوڑ دیں اور آیت اللہ شریعت مدار' قطب زادہ بنی' صدر' شیخ علی اور اخیر میں آیت اللہ منتظری (خمینی کے جانشین) کے حالات سے سبق سیکھیں''

○..... مذکورہ بالا کوائف سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں ایران کا دستور ایسے رہنما کی نگرانی اور حکم سے ترتیب دیا گیا تھا۔ جس کے ان نعروں نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو دھوکہ دیا اور اہل اسلام اسے اسلامی رہبر سمجھنے لگے۔

○..... جو شیعہ اور سنی میں تفریق کرتا ہے وہ نہ شیعہ ہے نہ سنی۔

○..... لا شرقیہ و لا غربیہ اسلامیہ اسلامیہ

نعروں اور اعلانات کی حد تک تو یہ فریب چل گیا' لیکن جب عملی طور پر قانون سازی اور دستوری تدوین کا وقت آیا تو مجلس خبرگان و پارلیمنٹ کا ایک ممبر بھی سنی برداشت نہ کیا جاسکا۔ پھر ایسی سنی اقلیت جس کی آبادی خود ایرانی مردم شماری کے مطابق ۱۶ ملین یعنی پونے دو کروڑ تسلیم کی گئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ کی رواداری اور تقیہ کے طور پر قائم ہونے والی مصلحتوں کی مثال دلچسپی کے لئے نذر قارئین ہیں خمینی اپنی کتاب میں لکھتا ہے۔

جو شخص بطور تقیہ (دھوکہ دینے کے لئے) سنی کے پیچھے نماز پڑھے گا اس کو پانچ گنا نماز کا زیادہ ثواب ملے گا۔ (توضیح المسائل خمینی)

